تعلقات عامہ دفتر

جامعہ ملیہ اسلامیہ، نئی دہلی

May 03, 2023

پریس ریلیز

جامعہ ملیہ اسلامیہ میں مصر کے معزز مفتی کا خیر مقدم

پروفیسر نجمہ اختر، شیخ الجامعہ، جامعہ ملیہ اسلامیہ نے مصر کے معزز مفتی شوقی ابراہیم عبدالکریم علام کا جامعہ ملیہ اسلامیہ میں پُر تپاک خیر مقدم کیا۔ مصر کے محترم مفتی کا ہندوستان دورہ وزارت خارجہ، ہند کے انڈین کونسل آف کلچرل ریلیشن (آئی سی آر) ممتاز ویزیٹر پروگرام کے تحت ہے۔

اس موقع پر شیخ الجامعہ نے مصر کے اعلی اداروں اور خاص طور سے جامعہ ازہر کے ساتھ فیکلٹی ایکسچینج پروگرام، اسٹوڈینٹ ایکسچینج، مشترکہ تحقیق اور مشترکہ کانفرنسوں میں باہمی اشتراک کو فروغ دینے کی خواہش کا اظہار کیا۔ شیخ الجامعہ نے عرب دنیا میں اور ان کے دفتر سے متعلق مذہبی اتھاریٹی میں ان کی جو اہمیت ہے اس سلسلے میں بات کی۔

مفتی محترم نے استقبال کے لیے شیخ الجامعہ کا شکریہ ادا کیا اور مذہبی و تہذیبی تکثیریت اور بین الاقوامی تفہیم کے فروغ کے لیے جامعہ اور مصر کے اداروں میں اشتراکات کو سہل تر بنانے کی خواہش بھی ظاہر کی۔

مصر کے محترم مفتی کے استقبالیے کی تقریب کے موقع پر فیکلٹی آف لنگویجیز کے ڈین، پروفیسر محمد اسحاق اور شعبہ اسلامیات کے فیکلٹی اراکین نے شعبے میں جاری تدریس و تحقیق سے متعلق علمی خدمات کے متعلق بتایا۔

تعلقات عامہ

جامعہ ملیہ اسلامیہ نئی دہلی